**قرآن پاک**

اللہ حکم دیتا ہے انصاف کرنے کا اور بھلائی کرنے کا۔ (سورۃ النحل: ۹۰)

**حدیث پاک**

جس نے میانہ روی اختیار کی وہ محتاج نہیں ہوگا۔ (مسند احمد بن حنبل)

GHAZALI EDUCATION TRUST

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

جنوری 2008

شمارہ نمبر 21

مرتب کردہ: ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ



144/2 ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔
فون: 042-5882939,5850966

E-mail: info@get.org.pk

Visit us: www.get.org.pk


## یکساں نظام تعلیم

**ایک اہل قلم** نے پاکستان کے ماضی اور حال کا موازنہ کرتے ہوئے کہیں لکھا ہے ''پچاس سال قبل برصغیر کے طول وعرض میں ایک قوم موجود تھی جسے اپنا وجود منوانے کے لیے خطہ زمین کی تلاش تھی مگر آج صدی نصف سے زائد گزرنے کے بعد وہ خطہ پاک تو موجود ہے مگر وہ قوم شاید ابھی تک تیار نہ ہوسکی جو اس خطے کی حفاظت کو یقینی بنا سکے''۔

یہ قوم کب اور کن مراحل سے گزر کر تیار ہوگی!!!! اس آس اور انتظار میں پاکستان اپنی عمر کے کئی عشرے گزار چکا ہے۔ رنگ ونسل، زبان ومذہب اور زمینی سرحدوں کے اختلاف سے بالاتر عہد خلافت تو بہت پہلے قصہ ماضی ہو چکا ہے، اب تو نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ خود مملکت خداداد پاکستان میں شاید ہی کوئی ایشو ایسا ہو جس پر قومی اتفاق رائے (National consensus) پایا جائے۔ ریاست کو چلانے کے بنیادی ڈھانچے سے لے کر خارجہ پالیسی کی ترجیحات تک اور معاشی استحکام کے لیے مخصوص لائحہ عمل کی تشکیل سے لے کر قومی یکجہتی کے حصول تک سبھی ادارے، شعبے، میدان اور موضوع اپنی اپنی منزل کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔

اس پس منظر میں سب سے اہم کام قومی سطح پر ترجیحات کا تعین اور ان کے حصول کے لیے واضح اور منطقی لائحہ عمل ہونا چاہیے تھا کسی قوم کا زندہ وبیدار نظام تعلیم ہی ایک معاشرہ کو درپیش چیلنجز کا بھرپور جواب دینے کی استعداد رکھتا ہے۔ پاکستان کی ساٹھ سالہ تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ اس قومی غفلت نے ہمارے پورے معاشرے کو تقسیم در تقسیم، خلجان، الجھاؤ اور باہم تضادات کا شکار کر رکھا ہے۔ ریاست کی سطح پر ہم ابھی تک یہ طے کرنے میں کامیاب نہیں ہوئے کہ کیا پڑھنا ہے، کس طرح پڑھانا ہے اور پڑھا لکھا کر کیا بنانا ہے۔ نظام تعلیم، نصاب تعلیم، مقاصد تعلیم کے ساتھ اس ملک میں وہ وہ تجربات کیے ہیں کہ پہچانی ہوئی صورت بھی پہچانی نہیں جاتی۔


ایک باوقار، منظّم اور ترقی پذیر قوم کے لیے قومی وملی تقاضوں سے ہم آہنگ نظام ونصاب تعلیم اس لیے بھی ضروری ہے کہ یہی باہمی یگانگت، خود اعتمادی اور اخوت پر مبنی معاشرے کی ضمانت دے سکتا ہے۔

ایک ایسے مرحلے پر جب پوری قوم ایک بار پھر انتخابات کے ذریعے اپنے نمائندوں کو منتخب کرنے چلی ہے۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ تمام سیاسی جماعتیں اپنے اپنے منشور میں تعلیم کے حوالے سے واضح لائحہ عمل اختیار کرنے کے ساتھ متعین خطوط (Road Map) پیش کریں۔ اسی طرح سماجی تنظیمیں، ذرائع ابلاغ اور معاشرے کی رائے بنانے والے عناصر آئندہ آنے والی حکومت کو اخلاقی طور پر پابندی کریں کہ وہ مختلف تجربات، نت نئی تراکیب کی بجائے پورے ملک کیلئے ایک نظام تعلیم کو رائج کریں جو مستقبل کی اچھی نسل تیار کرنے کیلئے تمام علاقوں اور طبقات کیلئے یکساں قابل رسائی (accessible) ہو۔ یہی لائحہ عمل نوع بہ نوع مسائل میں گھرے پاکستان کیلئے درست سمت میں سفر کا پہلا اور اہم قدم ہوسکتا ہے۔

**سید وقاص جعفری**
صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

## اللہ کی رضا کے طلبگار۔ توجہ فرمائیں

**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ** 1995ء سے وطن عزیز کے پسماندہ دیہی علاقوں میں علم کے فروغ کی جدوجہد کر رہا ہے۔ غیر سیاسی اور غیر تجارتی بنیادوں پر تعلیم کیلئے جدوجہد کرنے والے اس ادارے کے تحت 29 اضلاع میں 271 سکولز قائم ہیں۔ جن میں 32 ہزار طلباء وطالبات اپنا تعلیمی سفر 14 سو اساتذہ کے زیر سرپرستی جاری رکھے ہوئے ہیں جبکہ ان میں سے 15 ہزار یتیم ونادار طلباء وطالبات کی تعلیمی کفالت ٹرسٹ کے ذریعے ہو رہے ہیں۔



حرف تمنا
☆☆☆☆
ارشاد احمد حقانی
irshad.ahmed@janggroup.com.pk

مزید برآں ٹرسٹ نے خواتین کے لئے تعلیم کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اور ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے 5 غزالی کالجز برائے خواتین قائم کئے ہیں جو لاہور، مری اسلام آباد اور کوٹلی ستیاں میں کام کر رہے ہیں اس طرح حکومت کے بعد دیہی سطح پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ان چند بڑے تعلیمی نیٹ ورکس میں شمار ہوتا ہے جو اپنے دینی اور قومی جذبے کے تحت کام کر رہے ہیں۔ ٹرسٹ 6 مختلف شعبوں کے ذریعے خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

1. Pakisan Rural Education Programme
2. Orphon Support Programme
3. Resource Mobilization Department
4. Land Acquistion & Construction Department
5. Research & Development Department
6. Ghazali Colleges for Women

ان اداروں کا بنیادی مقصد تعلیم کے فروغ کیلئے کوششوں کو تیز کرنا اور معاشرے میں علم کے لئے درد دل رکھنے والے افراد سے تعاون حاصل کرنا ہے۔ وطن عزیز میں دیہی سطح پر شرح خواندگی 34 فیصد سے بھی کم ہے۔ پاکستان میں پرائمری سطح پر رجسٹریشن ریٹ بھی جنوبی ایشیا میں سب سے کم 46 فیصد کے قریب ہے۔ ملک کی جی ڈی پی کا 1.8 فیصد تعلیم پر خرچ کیا جاتا ہے جو دنیا میں صرف 5 انتہائی غریب ترین ممالک شعبہ تعلیم پر خرچ کرتے ہیں۔ ان اعداد وشمار کی روشنی میں ملک میں تعلیمی زبوں حالی کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ ایسے حالات میں ملک میں تعلیم کے فروغ کیلئے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ایک پرعزم جدوجہد میں مصروف ہے۔ ایک دہائی سے جاری ٹرسٹ کی خواندگی کے فروغ کے لئے کوششیں نامساعد حالات اور مالی مشکلات کے باوجود جاری ہیں۔ معاشرے میں محبّ وطن افراد سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ پسماندہ غربت زدہ علاقوں میں یتیم اور مستحق بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے والی ٹرسٹ کی مہم کا حصہ بنیں۔

روزنامہ "جنگ" 18 ستمبر 2007ء کے کالم "حرفِ تمنا" سے اقتباس

# بورڈ آف ڈائریکٹرز غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا اجلاس

چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ لیاقت بلوچ کی صدارت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا اجلاس ہوا۔ صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص انجم جعفری نے ٹرسٹ کو درپیش چیلنجز کے بارے میں ممبرز بورڈ کو آگاہ کیا بعدازاں ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید عامر محمود نے ٹرسٹ کی کارکردگی کے بارے میں ایک جائزہ پیش کیا جس پر ممبران نے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے ممبران نے متفقہ طور پر کہا کہ ٹرسٹ کو چاہئے کہ اپنی تعلیمی سرگرمیوں کو تیز کردے۔ علاوہ ازیں ٹرسٹ کے تحت چلنے والے سکولز کے معیار، اساتذہ، اور مقامی افراد کے تعاون اور مسائل کے بارے میں تفصیلی تبادلہء خیال ہوا۔ ٹرسٹ کی طرف سے مستحق طلباء طالبات کی تعلیمی کفالت انہیں معیاری تعلیم، جدید ٹیچنگ ٹیکنیکس کے ساتھ مہیا کرنے کو سراہا گیا۔ ممبران بورڈ نے اُمید ظاہر کی کہ ٹرسٹ کے ارکان جس عزم کے ساتھ اس نیک کام کو جاری رکھے ہوئے ہیں معاشرے کے دیگر افراد بھی اسی عزم کو اختیار کریں گے۔

## دورہ جات

### صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا دورہ سکولز

صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص جعفری نے غزالی سکولز پپلاں، کوٹ رحم شاہ، اور مرالہ ضلع منڈی بہاؤالدین کے سالانہ تقریبات تقسیمِ انعامات میں شرکت کی جس میں طلبہ وطالبات، اساتذہ اور عمائدینِ علاقہ کی ایک کثیر تعداد موجود تھی۔ سید وقاس جعفری نے اچھی تعلیم اور بہترین تربیت کے لیے ٹرسٹ کا ساتھ دینے کے لیے لوگوں کو دعوت دی۔ ضیاءاللہ شاہین بھی اس موقع پر ان کے ہمراہ تھے۔

### پاکستان فاؤنڈیشن لندن کے وفد کا دورہ

پاکستان فاؤنڈیشن لندن کے وفد نے چئیرمین ظفر شیخ کی قیادت میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس لاہور کا دورہ کیا۔ انہوں نے ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عامر جعفری اور جنرل سیکرٹری مشتاق مانگٹ سے ملاقات کی۔ وفد کو غزالی کی کارکردگی کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ فاؤنڈیشن کے ارکان نے ٹرسٹ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے ادارے بیرون ملک میں مقیم پاکستانیوں کے لیے مالی معاونت فراہم کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ وفد نے مستقبل میں بھی ٹرسٹ کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

### مشتاق احمد مانگٹ کا دورۂ خانیوال

سیکرٹری جنرل غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ مشتاق احمد مانگٹ نے غزالی سکولز ضلع خانیوال کا دورہ کیا انہوں نے غزالی سکولز ہل پکوڑی، بلوچاں والا و دیگر میں سالانہ تقریبات تقسیمِ انعامات اور تقسیمِ بکس، بیگ اور یونیفارم برائے یتامیٰ میں شرکت کی۔ مشتاق احمد مانگٹ نے غزالی سکولز ضلع خانیوال کی مجموعی کارکردگی کو سراہا۔ ان تقریبات میں ضلع بھر کی مؤثر شخصیات نے شرکت کی۔ ریجنل منیجر ملتان طارق جاوید اور احمد مجیب اسلم ڈسٹرکٹ منیجر سکولز ان کے ہمراہ تھے۔

### سیکرٹری جنرل غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا دورۂ برطانیہ

محمد مشتاق مانگٹ سیکرٹری جنرل غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے انگلینڈ کا دورہ کیا۔ وہ اپنے دورے کے دوران غزالی ٹرسٹ (مانچسٹر، بریڈفورڈ، برمنگھم، گلاسکو، لندن) بھی گئے اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے Valunters سے تفصیلی ملاقاتیں کیں۔

### ایگزیکٹو ڈائریکٹر کا دورۂ اسلام آباد

ایگزیکٹو ڈائریکٹر GET سید عامر محمود نے فنانس منیجر محسن بشیر اور منیجر سکولز شہید الحق ظفر کے ساتھ مری، اسلام آباد میں غزالی کالجز کا دورہ کیا۔ ڈائریکٹر غزالی کالجز نے انہیں مالی وانتظامی امور کے متعلق بریفینگ دی۔ جس پر انہوں نے غزالی کالجز کی اعلیٰ کارکردگی کو سراہا۔

## ہمارے مہمان

**فروغ تعلیم** کی جدوجہد سے آگاہ کرنے کیلیے ذمہ داران ٹرسٹ نے مرکزی دفتر میں درج ذیل شخصیات سے ملاقات کی۔ اس موقع پر مہمانوں کے مفید مشوروں سے بھی استفادہ حاصل کیا گیا۔

**راؤ جاوید** | ہیلپنگ ہینڈ پاکستان کے پروگرام منیجر راؤ جاوید گزشتہ دنوں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ افس آ ئے۔ انہوں نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود سے ملاقات کی۔ انہیں غزالی سکولز اور یتامیٰ طالبعلموں کے بارے میں بریفینگ دی گئی۔ علاوہ ازیں انہیں ہیڈ آفس کے مختلف ڈیپارٹمنٹ کا تعارف کرایا گیا۔

**عرفان خورشید** | ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہیلپنگ ہینڈ یو ایس اے عرفان خورشید، ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ وقاص انجم جعفری کی دعوت پر ہیڈ آفس لاہور آئے۔ انہوں نے ذمہ داران ٹرسٹ سے ملاقاتیں کیں اُن کو ادارہ کی کوششوں اور غزالی سکولز کی کارکردگی کے بارے میں بریفینگ دی گئی۔ ٹرسٹ کی تعلیمی جدوجہد پر انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ منیجنگ ڈائریکٹر ہیلپنگ ہینڈ پاکستان فضل الرحمٰن بھی اُن کے ہمراہ تھے۔

# اللہ........ غزالی سکولز کو آباد رکھنا، ایک ماں کی دعا

میرا نام مسرت بی بی ہے۔ میں چنڈ بھروانہ ضلع جھنگ کی رہائشی ہوں۔ جب میرے خاوند اللہ دین فوت ہوئے تو میرے اس وقت تین بچے تھے جن میں ایک بیٹی اور دو بیٹے تھے۔ خاوند کی وفات کے بعد میں اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت کے بارے میں خاصی پریشان تھی۔ میرے پاس اپنے بچوں کی تعلیم کے اخراجات نہیں تھے۔ کیونکہ میرے خاوند غریب تھے اور انھوں نے اپنے پیچھے کوئی ترکہ نہ چھوڑا۔ میرا بیٹا اب سکول جانے کے قابل ہو چکا تھا۔ جس کا نام کاشف عمران ہے۔ خوش قسمتی سے ہمارے اپنے ہی گاؤں میں قائم ہمیں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول کے بارے میں پتہ چلا میں پرنسپل ممتاز حسین کے پاس گئی اور اپنا مسئلہ بیان کیا۔ انہوں نے میرے بچے کاشف عمران کو اپنے سکول میں بغیر فیس کے داخل کرلیا اور اس کے تمام اخراجات اپنے ذمہ لے لئے۔ اب میرے بیٹے کو اس سکول میں پڑھتے ہوئے تقریباً ۵ سال ہو چکے ہیں۔ ان پانچ سالوں میں میں کبھی بھی اپنے بیٹے کی تعلیم کے اخراجات کے بارے میں پریشان نہیں ہوئی۔ کیونکہ تمام اخراجات سکول والے برداشت کرتے ہیں۔ میرے بیٹے کو کتابیں، کاپیاں، وردی اور جوتے لے کر دیتے ہیں۔ میرا بیٹا اب پانچویں جماعت میں ہے۔ اللہ کے کرم سے پڑھائی میں ٹھیک ہے۔ میں ہر وقت اللہ سے دعا کرتی رہتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سکولوں کو ہمیشہ آباد رکھے۔

# ورکشاپس

## لمز (lums) کی ورکشاپ میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے وفد کی شرکت

**لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز** میں ریاضی اور سائنس کے اساتذہ کو جدید طریقہ طریقہ تدریس سے آگاہی کے لیے دو روزہ ٹیچر ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا جس میں غزالی ٹرسٹ کے چار رکنی وفد نے شرکت کی۔ طارق جاوید، کاشف ندیم، خلیل احمد اور شہزاد علی نے ورکشاپ کے اختتام پر کہا کہ انہیں ورکشاپ میں شرکت سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا اور ورکشاپ میں شریک ۱۴۰ افراد کو ٹرسٹ کا تعارف کرانے کا بھی موقع ملا۔

## ٹیچر ٹریننگ ورکشاپ

**ریسورس سنٹر** غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ لاہور میں شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے زیر نگرانی 2 مختلف اوقات میں چھ روزہ Content Competency Program کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا مقصد اساتذہ میں اردو، انگلش، ریاضی، سائنس کے مضامین میں مہارت اور عبور حاصل کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا تھا۔ اس پروگرام میں پنجاب بھر کے غزالی سکولز کے اساتذہ نے شرکت کی۔ اختتامی تقریب میں حمید علی خان ڈائریکٹر غزالی سکولز، سید عامر محمود، شہید الحق ظفر نے شرکت کی۔ انتظامی فرائض ندیم اشرف باجوہ نے سرانجام دیئے۔

## VSO اور غزالی کے اشتراک سے ورکشاپ

**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور والنٹیرز سروسز اورسیز ( VSO )** کے درمیان اشتراکِ کار کیلئے Assesment Workshop کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں VSO پاکستان کی پروگرام آفیسر مس حمیرہ حسین نے شرکت کی مزید براں ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ کے علاوہ ٹرسٹ کے شعبہ جات کے ذمہ داران محسن بشیر، عصمت اللہ قریشی و دیگر افراد اس ورکشاپ میں شریک ہوئے۔

## ون ڈے ٹیچرز ٹریننگ ورکشاپ

**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ** کے زیر انتظام اڈا ایل 93 فیصل آباد (شمالی) میں اساتذہ کے لئے ٹریننگ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ ۱۹۰ اساتذہ نے شرکت کی۔ آفاق (Afaq) کے ماسٹر ٹریز عرفان علی نے موثر تدریس کے جدید طریقوں پر لیکچر دیا۔ غزالی ٹرسٹ سے پروگرام کو آرڈینیٹر R&D ندیم اشرف باجوہ نے شرکت کی۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ (w) جھنگ (E)، فیصل آباد جنوبی میں بھی ون ڈے ٹیچر ٹریننگ ورکشاپس ہوئیں۔ جن میں شوکت علی، امجد حسین، احسان اللہ، ندیم صدیقی کے علاوہ ریجنل مینیجر فیصل آباد غریب حسین نسیم بھی شریک ہوئے۔

## ملتان ریجن میں ٹیچر ٹریننگ ورکشاپ

**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور آفاق (AFAQ)** کے زیرِ انتظام ملتان ریجن کے مختلف اضلاع کے اساتذہ کے لئے ٹیچرز ٹریننگ ورکشاپس کا اہتمام کیا گیا۔ یہ ورکشاپس وہاڑی، خانیوال، ملتان، مظفر گڑھ، اور ڈیرہ غازی خان میں ہوئیں۔ ان ورکشاپس میں عرفان علی چوہدری (ٹیچر ایجوکیٹر آفاق) کا تھا جنھوں نے کلاس رومز مینجمنٹ اور ٹیچنگ میتھڈ کے عنوانات پر لیکچر دیئے۔ اس موقع پر گروپ ڈسکشن، عملی تجربات اور مثبت سرگرمیوں کے ذریعے اساتذہ کو بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ مزید براں ورکشاپس کے اختتام پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے وژن اور مشن پر ریجنل منیجر ٹرسٹ ملتان محمد طارق جاوید نے لیکچر دیئے۔

## گجرات میں GET سکولز کے مشاورتی بورڈ کا اجلاس

**گجرات GET سکولز** کے مشاورتی بورڈ کا اجلاس صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص انجم جعفری کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں بورڈ ممبران ڈاکٹر سید احسان اللہ شاہ، سید ضیاء اللہ شاہ ایڈووکیٹ، ضیاء اللہ شاہین (ریجنل مینجر)، عباس علی شاہ ڈسٹرکٹ منیجر، میاں حبیب الرحمان و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع گجرات کے تمام غزالی سکولز کی کارکردگی اور مشکلات کا جائزہ لیا گیا۔ سکول کی عمارت اور اساتذہ کے حوالے سے مسائل کے حل کے لیے مل جل کر جدوجہد کرنے کا عزم کیا گیا۔ طے پایا کہ آئندہ یہ اجلاس ماہانہ بنیادوں پر منعقد کیا جائے گا۔

## غزالی کالج لاہور میں

- اساتذہ کے لیے سہ روزہ ٹیچر ٹریننگ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈاکٹر اشتیاق گوندل، مشتاق احمد مانگٹ، سید وقاص احمد جعفری، سید عامر جعفری، ڈاکٹر غلام علی خان، ڈاکٹر ام کلثوم، نوشابہ احسن، پروفیسر حمیرا ارشاد نے اساتذہ کو لیکچر دیے۔
- امسال بھی غزالی کالج برائے خواتین لاہور کے نتائج ۱۰۰ فیصد رہے، کالج میں میٹرک اور انٹر کا رزلٹ بتانے کے لیے رزلٹ سٹال بھی لگائے گئے۔ والدین اور دیگر افراد نے شاندار نتائج پر غزالی کالج برائے خواتین کی انتظامیہ کو مبارکباد دی۔
- ۱۴ اگست ۲۰۰۷ کو غزالی کالج برائے خواتین لاہور میں بسلسلہ یوم آزادی ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا طالبات نے وطن سے محبت کرتے ہوئے تقاریر، ترانے، خاکے پیش کیے۔ پرنسپل کالج میمونہ احمد نے یوم آزادی کی اہمیت اور مقاصد پر اظہار خیال کیا۔

## گرلز ہائی سکول مہر پور مظفر گڑھ کا تفریحی و مطالعاتی دورہ

غزالی گرلز ہائی سکول مہر پور، مظفر گڑھ کی طالبات کے لیے تفریحی و مطالعاتی ٹور کا اہتمام کیا گیا۔ اس تفریحی دورے میں کلاس نہم، دہم، ہشتم، ہفتم، کی طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ یہ ٹور مظفر گڑھ سے ملتان پہنچا راستہ میں دریائے چناب کے کنارے پر طالبات پُرفضا اور پُرسکون ماحول میں قدرت کے نظاروں سے لطف اندوز ہوئیں۔ دوران سفر بیت بازی اور تقریری مقابلے کا اہتمام بھی کیا گیا۔ ملتان پہنچ کر طالبات کو کینٹ، کمپنی باغ، چمن زار، عسکری جھیل اور شاہ شمس پارک کی سیر کروائی گئی۔

## دختران اسلام اکیڈمی مری کے شاندار نتائج

دختران اسلام اکیڈمی مری کے نتائج امسال بھی شاندار رہے۔ ۴۰ طالبات نے F.A کے امتحان دیے جس میں سے ۳۷ طالبات نے اچھے گریڈ سے کامیابی حاصل کی۔ انعم منیر نے ۸۱۵، روبینہ فراز نے ۷۷۲ اور بشریٰ مبارک نے ۷۷۱ نمبر حاصل کیے۔ دریں اثناء امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمد نے دختران اسلام اکیڈمی مری کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے اکیڈمی کی انتظامیہ سے تعلیمی اور تربیتی امور پر گفتگو کی۔

# تقریبات

## رپورٹ برائے سالانہ تقریبات سکولز سیشن 2006-07

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے 225 سکولز میں سالانہ تقریبات تقسیمِ انعامات منعقد ہوئیں۔ تقریبات میں تقریباً 23000 سے زائد طلبہ و طالبات اور 25000 سے زائد افراد نے شرکت کی۔ ان پروگراموں میں تقریباً 1,50,000 روپے، 9 عدد کمپیوٹر، 2 عدد واٹر کولر، 10 عدد پنکھے اور 2 یتامیٰ کی سالانہ کفالت کی رقم مقامی کمیونٹی کے عطیات میں شامل ہے۔ ان تقاریب میں تقریباً 3000 سے زائد طلبہ و طالبات نے تلاوت، حمد نعت، ملی نغمے، قومی ترانے، نظمیں، ٹیبلوز، اردو و انگلش تقاریر، خاکے، مزاحیہ خبریں، مقابلہ بیت بازی، کوئز پروگرام، ڈرامے، مزاحیہ قوالیاں، دعائیں کلمے پیش کیے۔ پروگراموں میں سید وقاص جعفری، مشتاق مانگٹ، عامر محمود چیمہ، جمشید علی خان، سید عامر محمود، شہید الحق ظفر، ندیم اشرف باجوہ، مقامی ایم این ایز، ایم پی ایز، ناظمین، نائب ناظمین نے شرکت کی۔

### سالانہ تقریبات برائے تقسیمِ انعامات

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ضلع ملتان و مظفر گڑھ غزالی سکولز میں سالانہ تقریبات تقسیمِ انعامات کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طلبہ و طالبات کو انعامات سے نوازا گیا۔ ان تقریبات میں بچوں کے والدین اور دیگر معززین علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

### عامر محمود چیمہ کی گجرات سکول کے پروگرام میں شرکت

عامر محمود چیمہ ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر اور ریجنل مینجر ضیاء اللہ شاہین نے گجرات کے غزالی سکولز کٹھالہ چناب، دھکڑ اور گھر کو کی سالانہ تقریبات، تقسیمِ انعامات میں شرکت کی۔ عامر محمود چیمہ نے گجرات سکولز کی کارکردگی اور بچوں کی شاندار پرفارمنس پر مبارکباد پیش کی۔

### جشن آزادی تقریبات

غزالی سکول سسٹم پپلان، شاہو خیلاں والا، تری خیل، ٹبہ قریشیاں، احمد خان والا ضلع میانوالی، غزالی سکول محمود والا، ریتڑی، بہل، غلاماں، روڑی ضلع بھکر، غزالی سکول سسٹم میاں وال رانجھا، ڈھوک مراد ضلع منڈی بہاؤالدین، غزالی سکول سسٹم مستالہ راولپنڈی اور ضلع گجرانوالہ میں 14 اگست کے موقع پر جشن آزادی تقریبات کا اہتمام کیا گیا، طلبہ و طالبات نے آزادی کی تقریبات میں جوش و خروش سے حصہ لیا، اساتذہ نے تحریک پاکستان کے بارے میں طلبہ و طالبات کو آگاہی دی۔ ان علاقوں میں بچوں کے والدین اور دیگر افراد نے بھی تقاریب میں شرکت کی۔

### امتحانات نتائج تقریب GET سکول غلاماں بھکر

سالانہ امتحانات و نتائج کے سلسلہ میں غزالی ایجوکیشن سکول غلاماں میں شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز جماعت اول کے طالبعلم محمد شکیل کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جبکہ سکول کے دیگر بچوں نے سیرت نبوی ﷺ، دینی تعلیمات کے موضوعات پر تقریریں کیں۔ تقریب کے اختتام پر پرنسپل سکول اور ڈسٹرکٹ مینجر سکولز اسلم خان نے پوزیشنز حاصل کرنے والے بچوں میں انعامات تقسیم کیئے۔

### صدر پاکستان ایسوسی ایشن دُوبئی کی غزالی سکولز کے پروگراموں میں شرکت

پاکستان ایسوسی ایشن دوبئی کے صدر محمد ریاض فاروق نے غزالی ایجوکیشن سکول ضلع منڈی بہاؤالدین کی سالانہ تقریبات میں شرکت کی۔ انہوں نے GET سکولز میانوالی رانجھا کے لیے ڈیجیٹل لائبریری اور غزالی سکول ڈھوک کے دفتر کے لیے -/500 روپے دینے کا وعدہ کیا۔

### تفریحی و معلوماتی سرگرمیاں

1 غزالی سکول سسٹم صفدر آباد کا تفریحی ٹرپ لاہور پہنچا اور یہاں پر مزار اقبال، بادشاہی مسجد، شاہی قلعہ، شالامار باغ اور واہگہ بارڈر کی سیر کی بچوں نے اس ٹرپ کو معلوماتی، مشاہداتی اور تفریحی لحاظ سے بہت پسند کیا۔

2 GET سکول ملیاں کلاں میں سپورٹس ڈے منعقد ہوا جس میں تمام طلباء و اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔ سکول انتظامیہ نے رسہ کشی، دوڑ، فٹ بال میچ اور بیڈمنٹن کے مقابلے کا اہتمام کیا جس میں اساتذہ اور بچوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

3 غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام 30 اکتوبر 2007 کو GET سکول محمود والا اور GET سکول روڑی کی ٹیموں کے درمیان دوستانہ کرکٹ میچ کھیلا گیا جو کہ GET سکول محمود والا نے جیت لیا۔ علاقہ کی سماجی شخصیت احمد ریاض نے جیتنے والی ٹیم کی حوصلہ افزائی کی۔

4 4 اکتوبر 2007ء کو GET سکول محمود والا میں درس قرآن و افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا جس میں ثناء اللہ اعوان نے روزے کی برکات، فضیلت اور مقصد کے بارے میں گفتگو کی۔ درس قرآن و افطار پارٹی کے اختتام پر حافظ ریاض نے دعا کروائی۔

### عطیہ پلاٹ برائے غزالی سکول نور پور


غزالی سکول نور پور (ملتان ریجن) کیلئے علاقہ کی معروف علمی شخصیت چوہدری محمد اسلم سجاد نے ٹرسٹ کی تعلیمی خدمات کو دیکھتے ہوئے سات مرلہ کا پلاٹ سکول کے لئے وقف کر دیا ہے۔ سیکرٹری جنرل محمد مشتاق مانگٹ اور ریجنل مینجر طارق جاوید نے اسلم سجاد کا شکریہ ادا کیا۔

# بین الاقوامی خطاطی نمائش ۲۰۰۷۔۔۔۔۔اسلامک آرٹ کی پزیرائی کے لیے ایک کاوش


**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ** کے زیراہتمام کیلی گرافر ایسوسی ایشن آف پاکستان اور لاہور آرٹس کونسل کے تعاون سے ۲نومبر سے ۸نومبر تک الحمرا آرٹ گیلریز میں بین الاقوامی نمائش خطاطی کا اہتمام کیا گیا۔نمائش میں ملک کے نامور کیلی گرافر، ایران، ترکی، مصر، لیبیا، یونان، سعودی عرب اور دیگر ممالک کے مشہور خطاط نیشنل کالج آف آرٹس (NCA) کے طلبا وطالبات کے 250 سے زائد فن پارے آویزاں کیے گئے۔نمائش کی باقاعدہ افتتاحی ۳نومبر کو الحمرا ہال نمبر۳ میں ہوئی مہمان خصوصی سابق چیف سیکرٹری، لاہور آرٹس کونسل کے چیئر مین جاوید قریشی تھے۔افتتاحی تقریب میں میزبانی کے فرائض سید عامر محمود نے انجام دیے۔غزالی ٹرسٹ کے جنرل سیکرٹری مشتاق احمد مانگٹ نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں افتتاحی تقریب میں موجود خواتین وحضرات کی کثیر تعداد کو آگاہ کیا۔بین الاقوامی شہرت یافتہ خطاط خورشید گوہر قلم نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے فن خطاطی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی ۔اس کی بعد مہمان خصوصی کو نمائش کا وزٹ کروایا گیا۔نمائش کی اختتامی تقریب ۸نومبر کو ہوئی۔ڈپٹی سیکرٹری انفارمیشن وکلچر عطاء اللہ صدیقی کی زیر صدارت تقریب میں کیلی گرافر ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر رشید بٹ اور آرکیالوجی ڈیپارٹمنٹ کے ھیڈ ڈاکٹر شوکت محمود مہمان خصوصی تھے۔غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے صدر سید وقاص انجم، جنرل سیکرٹری مشتاق احمد مانگٹ نے مہمانوں میں شیلڈز تقسیم کیں۔نمائش میں شرکت کرنے والے فنکاروں میں شیلڈز اور سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے گئے۔6 روزہ نمائش کے دوران مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افرد نے نمائش کا وزٹ کیا۔بین الاقوامی خطاطی نمائش کی خاص بات سابق ضلع ناظم کراچی نعمت اللہ خان، سابق سینئر وزیر سرحد سراج الحق اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے چئر مین لیاقت بلوچ کا نمائش کا وزٹ تھا۔نعمت اللہ خان نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے اسلام کے تاریخی ورثہ کو زندہ رکھنے کے لئے ایک خوبصورت کاوش کی ہے انہوں نے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا تعلیمی میدان کے ساتھ ساتھ تاریخی میدان میں یہ کارنامہ قابل تعریف ہے۔سابق وزیر سرحد سراج الحق نے کہا کہ اسلام کے ورثہ سے محبت کرنے والوں کے لئے یہ ایک منفرد کام ہے۔انہوں نے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جیسے ادارے موجود ہیں اسلام کی وراثت مضبوط سے مضبوط ہوتی جائے گی۔انہوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی علمی جدوجہد کی بھی تعریف کی۔مہمانوں نے اسلامی خطاطی کے نمونوں میں گہری دلچسپی دکھائی۔انہوں نے کیلی گرافرز کے فن کی تعریف کی اور اس فن کو اسلام سے محبت قرار دیا۔اس کے علاوہ مہمانوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو اتنی بڑی نمائش کا انعقاد کروانے پر مبارک باد دی۔نمائش کے انعقاد میں آفاق، صوفی سنز، الف پبلشرز، یوایم ٹی اور دارارقم سکول کا خصوصی تعاون میسر رہا۔



ڈپٹی سیکرٹری انفارمیشن وکلچر عطاء اللہ صدیقی کو صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ وقاص جعفری شیلڈ پیش کررہے ہیں۔





معروف خطاط خورشید گوہر قلم اختتامی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



جنرل سیکرٹری GET مشتاق احمد مانگٹ، سابق چیف سیکرٹری جاوید قریشی کو شیلڈ پیش کررہے ہیں۔


## ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران کا بین الاقوامی خطاطی نمائش کا دورہ

ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران عبدالرضا عباسی نے خصوصی مہمان کی حیثیت سے بین الاقوامی نمائش خطاطی کا دورہ کیا۔ان کی آمد پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹو سید عامر محمود نے دیگر سٹاف کے ہمراہ انہیں خوش آمدید کہا۔مہمان نے اس موقع پر تمام فن پاروں کی خوبصورتی کی تعریف کی۔انہوں نے خطاطی کے مختلف نمونوں اور ان میں استعمال کی گئی مہارت کا بڑی باریک بینی سے جائزہ لیا۔اس موقع پر عبدالرضا عباسی کے ہمراہ ان کی اہلیہ، بیٹی، میڈم ثمینہ اور خانہ فرہنگ ایران کا دیگر سٹاف بھی موجود تھا۔ڈائریکٹر جنرل نے بہترین نمائش کے انعقاد پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو مبارکباد دی۔اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعلیمی اور ثقافتی سرگرمیوں میں خانہ فرہنگ ایران کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران کی طرف سے امت مسلمہ کی بہتری کے لیے ہونے والے تمام ایسے اقدامات کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔اس موقع پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تمام سٹاف نے ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا۔





# تصاویر وتاثرات


## نمائش کیلی گرافی




سابق ناظم کراچی نعمت اللہ خان نمائش میں لگے فن پارے دیکھ رہے ہیں۔



سابق وزیر سرحد سراج الحق بین الاقوامی خطاطی نمائش کے دورے کے موقع پر




ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران عبدالرضا عباسی کیلی گرافی نمائش میں فن پارے دیکھ رہے ہیں




مقامی سکول کے طلباء کا نمائش کے دورہ کے دوران گروپ فوٹو




صدر کیلی گرافر ایسوسی ایشن رشید بٹ، ہیڈ آف آرکیالوجی ڈیپارٹمنٹ شوکت محمود اختتامی تقریب میں بیٹھے ہیں۔




نیشنل کیلی گرافی نمائش اختتامی تقریب میں موجود شرکا



بین الاقوامی خطاطی نمائش میں شریک خواتین وحضرات فن پارے دیکھ رہے ہیں۔



خطاطی نمائش میں ایک غیر ملکی اپنے گائیڈ کے ہمراہ

# International Calligraphy Exhibition

**Ghazali Education Trust (GET)** has organized an International Calligraphy Exhibition in Alhamra art gallery from 2 to 8 November. Exhibition was held with special collaboration of Calligrapher Association of Pakistan (CAP). Near about 250 master pieces were placed in the exhibition. Work of famous calligrapher of Pakistan, Iran, Turkey. Egypt, Syria and other countries were placed in galleries. Students of National College of Arts (NCA) also participated in the exhibition. In opening ceremony, Javed Qurishi (former Chief Secretary and President of Lahore Arts Council) was the chief guest .In the closing ceremony Deputy Secretary of information and culture Ataullah Siddiqui; Head of Archeology Department Shouqat Mehmood; President of Calligrapher Association of Pakistan Rasheed Butt were the chief guests. In both ceremonies halls were full of visitors. Al walks of people visted the six days calligraphy exhibition which brought fame for Ghazali Education Trust. People appreciated the Islamic cultural activity of GET.

The famous personalities visited the exhibition among them were the former City Nazim Karachi, Mr.Naimatullah khan; Director Gneral Khana Ferhang Iran, Mr. Abdulraza Abbasi and former Provincial Minister of NWFP, Mr. Sirajullhuq.

## A famous columnist of Pakistan, Irshad Ahmad Haqani says in "Daily Jang", 18 September 2007 Publication.

"Ghazali Education Trust (GET) is working in Pakistan's backward rural areas since 1995.This is non political and non trading organization which is spreading knowledge in 29 districts of Punjab and earth quake affected areas. In 271 schools of GET near about 32,000 students (male, female) are studying and about 1,400 teachers are there to teach them. There are also 5 Ghazali Colleges for women. In all these schools ,about 15,000 orphans and needy students are getting education .so this is the biggest private network of education in rural areas of Pakistan.It is appealed to the Citizen of Pakistan and to donate the Get for spreading education."

## Workshops

- Lahore University of Management Science (LUMS)) has arranged a workshop for the teachers of science and mathematics .The purpose of workshop was to inform the teachers about the new methods which can be used to teach these subjects. A delegation of four people of Ghazali Education Trust (Tariq Javed ,Kashif Nadeem ,Khaleel Ahmad and Sehzad Ali) has attended the workshop.About 40 teachers were gathered there. Members of GET also informed teachers about the trust's educational activities in rural areas.

- An assessment workshop has been arranged by Ghazali Education Trust (GET) collaboration with Volunteer Services Oversees (VSO). Aamir Mahmod Cheema (Member board of director) Mis.Humaira Hussain (Program Officer VSO) and the others staff of GET attended the workshop.


## Delegations

- A delegation of Pakistan Foundation London under the provision of Chairman Zafar Shaikh visited the Ghazali Education Trust (GET) head office.The Executive Director of GET Syed Aamir Mahmood and Gen. Secortary Mushtaq Ahmad Manghat met with delegation and informed them about the educational activities of trust in rural areas.The delegation expressed their commitment to continue collaboration with GET. They also showed satisfaction about trust's work for education.

- Executive Director of Helping Hand USA Irfan Khurshid and Programme Manager of Helping Hand Pakistan Rao Javid visited the head office of GET. Guests were welcomed by President of GET Syed Waqas Jafri and were informed about trust'activities.They showed their interest to work with GET.

## " May Allah Flourish Ghazali"

MY name is Musarat Bibi, I am living in rural area of Jhang (chund bharwana).My husband has been died 3years back. I have three childs (two sons and daughter).My husband left no property behind. I have no way to send my children to school. I have no money for their books, uniform and fee. Fortunately my elder child Kashif Imran came to know about Ghazali Education Trust's school. The school was working in our area. The principal of Ghazali Education Trust listened the story of my grieves and he took the responsibility to teach my childs in school. Thanks GOD !my childs are studying there since five years and I am free from their school needs because all are given by Ghazali Trust. May ALLAH flourish GET




پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن لندن کے وفد کا غزالی ہیڈ آفس کے دورہ کے موقع پر سید عامر محمود اور مشتاق مانگٹ کے ہمراہ گروپ فوٹو




Stow College گلاسگو (Glasgow) کے وائس پرنسپل "Gavin DP Macdonald" غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے دورہ کے دوران جنرل سیکرٹری مشتاق احمد مانگٹ اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر عامر محمود کے ہمراہ



روٹری کلب کی طرف سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زلزلہ زدہ علاقہ میں قائم سکولز کے لئے فرنیچر کا عطیہ دیا جا رہا ہے۔



CCP ٹریننگ ورکشاپ کے شرکاء کا صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ وقاص جعفری کے ساتھ گروپ فوٹو



سری لنکا سے آیا ہوا وفد غزالی ہیڈ آفس دورے کے موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے ہمراہ



وائس چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق گوندل ٹریننگ ورکشاپ میں شریک ٹیچر کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

## شعبہ PREP کے تحت بہبود طلباء مہم

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے شعبہ پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) کے تحت ماہ رمضان میں سکولز کی سطح پر یتیم و مستحق طلباء کی تعلیمی ضروریات کے لئے فنڈ ریزنگ مہم چلائی گئی اس مہم میں ضلع کی سطح پر میانوالی، بھکر، نارووال اور لاہور نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سب سے زیادہ فنڈ جمع کروایا۔ دریں اثناء PREP نے بہبود طلباء فنڈ مہم کے دوران مجموعی طور پر 300 سے زائد یتیم طلباء کو سپانسر کروایا۔ صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص جعفری نے مینیجر PREP شہید الحق ظفر اور PREP ڈیپارٹمنٹ کے تمام ذمہ داران کو اس کامیاب مہم پر مبارکباد پیش کی۔

## شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ (R&D)

**شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ** کے زیر اہتمام منعقد کی گئیں ورکشاپس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام ورکشاپ | تعداد ورکشاپ | مرد شرکاء | خواتین شرکاء | کل شرکاء | مقام ورکشاپ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 6 روزہ ریفریشر کورس برائے ڈسٹرکٹ مینیجرز | 1 | 27 | --- | 27 | فورٹ منرو ڈیرہ غازی خان |
| 2 | 6 روزہ فہم دین برائے پرنسپلز + سینئر ٹیچرز | 1 | 21 | --- | 21 | GET ریسورس سنٹر ہیئر لاہور |
| 3 | 6 روزہ CCP کورس برائے پرنسپلز | (F-2&M-4)6 | 100 | 57 | 157 | 3 ریسورس سنٹر، ہیئر، 1 دختران اسلام اکیڈمی مری اور 1 منصورہ لاہور |
| 4 | ایک روزہ ورکشاپ برائے ڈسٹرکٹ لیول اساتذہ | M&F-4+F17+M-6)27 | 406 | 674 | 1080 | پنجاب و سرحد کے 29 اضلاع جہاں پر غزالی سکولز کا نیٹ ورک موجود ہے |
| 5 | ہیڈ آفس سٹاف کیلئے ماہانہ تربیتی لیکچرز | 10 | | | اوسطاً 22 افراد | 144/2، ایف بلاک، ماڈل ٹاؤن لاہور |

## شعبہ حصول اراضی و تعمیرات (LACD)

GET کے شعبہ حصول اراضی و تعمیرات (LACD) کے پروگرام آفیسر حافظ شبیر الدین کے مطابق ہیلپنگ ہینڈ کے تعاون سے ہیئر ٹریننگ سنٹر لاہور کی اپ گریڈیشن کا کام تیزی سے جاری ہے ٹریننگ سنٹر میں مختلف اضلاع سے آنے والے اساتذہ کو کمپیوٹر سنٹر، نیو بیڈز، فوٹو کاپیئر ملٹی میڈیا اور ٹرانسپورٹ کی سہولیات میسر ہوں گی علاوہ ازیں شعبہ LACD کے تحت کرباٹھ سکول لاہور ہردیو سکول شیخوپورہ، اڈا پل، فیصل آباد، پیپلاں سکول میانوالی، بیٹی سکول چکوال اور اخلاص پور سکول نارووال میں بھی تعمیرات کا کام جاری ہے۔

## وزٹ نیوز

(i) پروگرام کوآرڈینیٹر (PREP) محمد طارق جاوید اور پروگرام آفیسر عمران خلیل نے ضلع فیصل آباد شمالی و جنوبی کے مختلف سکولز کا وزٹ کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ مینیجر میاں اقبال ندیم اور ندیم احمد صدیقی بھی ہمراہ تھے۔ دوران ریکارڈ چیکنگ، کلاسز کا تعلیمی و تدریسی جائزہ اور سٹاف کے ساتھ میٹنگز ہوئیں جن میں توجہ طلب امور کی نشاندہی کے ساتھ سکولوں کی کارکردگی کو مزید بہتر کرنے کیلئے تجاویز و ہدایات دی گئیں۔

(ii) مینیجر پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) شہید الحق ظفر اور پروگرام آفیسر (LACD) حافظ شبیر الدین نے میانوالی، بھکر، سرگودھا، چکوال، بالاکوٹ، مانسہرہ، جھنگ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے مختلف سکولز کا وزٹ کیا۔ اسی دوران کلاسز کا تعلیمی و تدریسی جائزہ، سٹاف میٹنگز اور ٹرسٹ کی ملکیت عمارت کے حوالہ سے مختلف امور و مراحل کا جائزہ لیا گیا۔